# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

**مورخہ:27اپریل،2017**

الیکشن کمیشن کے خصوصی ہدایت پر چاروں صوبوں میں ضلعی ووٹرایجوکیشن کمیٹیاں متحرک کردی گئی۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد نے اس سلسلے میں چاروں صوبائی الیکشن کمشنر کو خصوصی ہدایات دے دی ہے کہ وہ بذات خود اپنے اپنے ضلعی ووٹرایجوکیشن کمیٹیوں کو فعال بنانے میں میسر کردار ادا کریں اور ضلعی ووٹرایجوکیشن کمیٹیوں کا ماہانہ کی بنیاد پر باقاعدہ میٹنگز کا اہتمام کرے اور ان میٹنگ میں اپنی شرکت کو یقینی بنانے اور اس سلسلے میں تمام پیشتر رفت پر اپنی رپورٹ فوری طور پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کو ارسال کرے اس کے ساتھ ساتھ تمام پاکستان کے ریجنل الیکشن کمشنر اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کو بھی ضلعی اور ڈویژن کی سطح پر متحرک ہونے کا حکم دے۔

2ڈسٹرکٹ ووٹرایجوکیشن کمیٹیوں کا مقصد ضلعی اور مقامی سطح پر عوام میں ووٹ کی اہمیت سے متعلق آگاہی اور شعور پیدا کرنا ہے ہر ڈسٹرکٹ ووٹرایجوکیشن کمیٹی میں ضلع کے سرکردہ لوگ اقلیت کے نمائندوں، خواتین، معذوروں کہ نمائندے، سول سوسائٹی اور میڈیا کے نمائندے شامل ہیں۔ عوام، سول سوسائٹی اور میڈیا سے اس سلسلے میں بھرپور تعاون کی درخواست کی گئی ہے۔ تاکہ 2018ء کے عام انتخابات میں عوام کی بھرپور شرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔ کسی بھی اہل ووٹر کو اپنے ووٹ کا اندراج، تبدیلی، تصحیح یا اس سے متعلقہ کسی بھی شکایت کے سلسلے میں متعلقہ ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشنر کے آفس رجوع کرنے کے ہدایت کی جاتی ہے۔

3مارچ میں ڈسٹرکٹ ووٹرایجوکیشن کمیٹیوں کی تمام پاکستان میں 123 اضلاع اور فاٹا کی سات ایجنسیوں میں میٹنگز ہوئی پنجاب میں 37 اضلاع میں ڈسٹرکٹ ووٹرایجوکیشن کمیٹیوں کی میٹنگز ہوئی۔ ان اضلاع میں، اسلام آباد، راولپنڈی، چکوال، جہلم، سرگودھا، خوشاب، بھکر، میانوالی، فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چینوٹ، گوجرانولہ، گجرات، حافظ آباد، منڈی بہاوالدین، سیالکوٹ، نارووال، لاہور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، قصور، ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن، مظفر گڑھ، لیہ، راجن پور، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، اور رحیم یار خان ، ملتان، خانیوال، وہاڑی، بہاولنگر اور اٹک شامل ہیں۔ اس طرح خیبر پختونخواہ میں 25 اضلاع میں ڈسٹرکٹ ووٹرایجوکیشن کمیٹیوں کی میٹنگز ہوئیں ان اضلاع میں پشاور، مردان، نوشہرہ، چارسدہ، صوابی، کوہاٹ، کرک، ہنگو، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، ایبٹ آباد، ہری پور، مانسہرہ، بٹگرام، کوہستان، تورغر، سوات، بینر، شانگلہ، اپر دیر، لوئر دیر، مالاکنڈ اور چترال شامل ہیں۔ اس طرح فاٹا کی 7 ایجنسیوں میں ڈسٹرکٹ ووٹرایجوکیشن کی میٹنگز ہوئیں جن میں خیبر ایجنسی، مہمند ایجنسی، باجوڑ ایجنسی، کرم ایجنسی، اورکزئی ایجنسی، شمالی وزیرستان ایجنسی، اور جنوبی وزیرستان ایجنسی شامل ہیں۔ اس طرح سندھ کے 29 اضلاع میں ڈسٹرکٹ ووٹرایجوکیشن کمیٹیوں کی مینٹنگ ہوئی ان اضلاع میں ڈی۔ ای۔ سی کراچی مشرق، ڈی۔ ای۔ سی کراچی مغرب، ڈی۔ ای۔ سی کراچی جنوب، ڈی۔ ای۔ سی کراچی مرکز، ڈی۔ ای۔ سی ملیر، ڈی۔ ای۔ سی کراچی کورنگی، ڈی۔ ای۔ سی سکھر، ڈی۔ ای۔ سی گھوٹکی، ڈی۔ ای۔ سی خیرپور، شہد بے نظیر آباد، ڈی۔ ای۔ سی نوشہرو فیروز، ڈی۔ ای۔ سی سانگھڑ۔ ڈی۔ ای۔ سی لاڑکانہ، ڈی۔ ای۔ سی کمبر شہداد کوٹ، ڈی۔ ای۔ سی جیکب آباد، ڈی۔ ای۔ سی شکارپور، ڈی۔ ای۔ سی کشمور کندھ کوٹ، ڈی۔ ای۔ سی میرپور خاص ڈویژن میں میرپور خاص، ڈی۔ ای سی۔ تھرپارکر، ڈی۔ ای۔ سی عمرکوٹ، حیدرآباد ڈویژن سے، ڈی۔ ای۔ سی حیدرآباد، ڈی۔ ای۔ سی بدین، ڈی۔ ای۔ سی ٹی ایم خان، ڈی۔ ای سی۔ دادو، ڈی۔ ای۔ سی ٹھٹہ، ڈی۔ ای۔ سی جامشورو، ڈی۔ ای۔ سی ٹنڈو اللہ یار، ڈی۔ ای۔ سی میٹیاری، ڈی۔ ای۔ سی سجاول شامل ہیں۔ اس طرح بلوچستان کے 32 اضلاع میں ڈسٹرکٹ ووٹرایجوکیشن کمیٹیوں کی میٹنگز ہوئیں ان اضلاع میں کوئٹہ، زیارت، قلعہ عبداللہ، پشین، چاغی، نوشکی، ہرنائی، کوہلو، سبی، ڈیرہ بگٹی، بارخان، لورالائی، ژوب، قلعہ سیف اللہ، موسیٰ خیل، شیرانی، جعفرآباد، صحبت پور، نصیرآباد، جھل مگسی، کچھی، لہڑی، خضدار، مستونگ، واشک، خاران، لسبیلہ، قلات، کیچ، پنجگور اور گوادر شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆